سبق -17



# کمپیوٹر

آج اسکول میں پرنسپل صاحب نے یہ خوش خبری دی۔ ''آپ کے لیے ایک نیا کمرہ تیّار کیا گیا ہے۔ اب آپ کو ایک نئے انداز سے پڑھنے کا موقع ملے گا۔ آپ جانتے ہیں یہ نیا کمرہ کس لیے تیّار کیا گیا ہے؟'' بچّوں نے ایک آواز ہوکر کہا ''کمپیوٹر کے لیے۔''

اس کے بعد بچّے اپنی اپنی کلاسوں میں چلے گئے۔ سبھی کو کمپیوٹر روم میں جانے کا بڑا شوق اور انتظار تھا۔ آج ہر کلاس کے بچّے باری باری کلاس ٹیچر کے ساتھ اس کمرے میں گئے۔ حِنا بھی اپنی کلاس کے ساتھ اس کمرے میں گئی۔ کمرے کے باہر لکھا تھا ''کمپیوٹر لیب'' اور یہ بھی لکھا تھا ''جوتے باہر ہی اتاریے'' بچّوں نے اپنے اپنے جوتے اتارے اور کمرے میں داخل ہوگئے۔ بچّوں کو دیکھ کر کمپیوٹر کی میڈم بہت خوش ہوئیں۔ انھوں

© NCERT not to be republished

نے پوچھا آپ جانتے ہیں کمپیوٹر لیب کیا ہے؟'' حِنا نے کہا ''میڈم میں بتاتی ہوں۔ وہ کمرہ جہاں کمپیوٹر رکھے جاتے ہیں۔'' میڈم نے کہا ''بالکل ٹھیک''۔

بچّو! ہمارے دماغ کی طرح کمپیوٹر کا بھی اپنا دماغ ہوتا ہے۔ اسے سی۔پی۔یو (C.P.U.) کہتے ہیں۔کمپیوٹر کے چار حصّے ہوتے ہیں۔


مانیٹر


سی۔پی۔یو


کی بورڈ


ماؤس

یہ چاروں حصّے مل کر کمپیوٹر کہلاتے ہیں۔ کمپیوٹر خود کچھ نہیں کرسکتا جب تک کہ اس میں معلومات داخل نہ کی جائیں۔

کمپیوٹر سے بہت سے کام لیے جاسکتے ہیں۔ اس کی مدد سے اردو، ہندی، انگریزی، حساب، سائنس اور سماجی علوم وغیرہ سبھی مضمون پڑھ سکتے ہیں۔اس کے علاوہ کمپیوٹر کے ذریعے آپ بہت سے کھیل بھی کھیل سکتے ہیں اور دنیا بھر کی معلومات بھی حاصل کرسکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

کمپیوٹر لیب میں جا کر اور کمپیوٹر کے بارے میں جان کر بچّے بہت خوش ہوئے۔

## مشق



### پڑھیے اور سمجھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| خوش خبری | : | اچّھی خبر |
| انداز | : | ڈھنگ، طریقہ |
| علوم | : | بہت سے علم |



### ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. پرنسپل صاحب نے کیا خوش خبری دی؟
2. کمپیوٹر لیب کے باہر کیا لکھا تھا؟
3. کمپیوٹر کے دماغ کو کیا کہتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

4. کمپیوٹر سے کیا کیا کام لیے جاتے ہیں؟

5. کمپیوٹر کے بارے میں جان کر بچّے کیوں خوش ہوئے؟



## خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

معلومات — کمپیوٹر روم — خوش — چار — کھیل

1. سبھی کو ______ میں جانے کا بڑا شوق اور انتظار تھا۔

2. کمپیوٹر کے ______ حصّے ہوتے ہیں۔

3. کمپیوٹر خود کچھ نہیں کرسکتا جب تک کہ اس میں ______ داخل نہ کی جائیں۔

4. کمپیوٹر کے ذریعے آپ بہت سے ______ بھی کھیل سکتے ہیں۔

5. کمپیوٹر کے بارے میں جان کر بچّے بہت ______ ہوئے۔



## حروف کو ملا کر لفظ بنایئے۔

1. د | م | ا | غ = ______

2. ا | س | ک | و | ل = ______

© NCERT not to be republished

3. م ض م و ن = ________

4. ک م پ ی و ٹ ر = ________

5. م ع ل و م ا ت = ________



نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے۔

________ ________ ________ ________



سبق میں لفظ 'خوش خبری' آیا ہے۔ اس کے معنی ہیں اچھی خبر۔ اسی طرح نیچے دیے ہوئے لفظوں سے پہلے 'خوش' لگا کر لفظ بنائیے۔

1. ............ دلی

2. ............ مزاجی


3. ............ حالی

4. ............ قسمتی

© NCERT not to be republished



آپ نے سبق میں پڑھا ہے 'نیا کمرہ'۔ اسی طرح لفظ 'نیا' لگا کر کچھ چیزوں کے نام لکھیے۔




© NCERT not to be republished



سبق میں لفظ 'پرنسپل صاحب' آیا ہے۔ اسی طرح نیچے دیے ہوئے لفظوں کے آگے 'صاحب' لگا کر لکھیے۔

والد ______ بھائی ______ ڈاکٹر ______ ماسٹر ______



## خوش خط لکھیے۔

| | |
|---|---|
| پرنسپل | |
| کمپیوٹر | |
| انتظار | |
| معلومات | |
| مضمون | |

© NCERT not to be republished